رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۰۶۰

Rashid

۱۲۹

اللہ نور السموٰت والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح

مصباح

زنانہ اخبار
مہینے میں دو بار

چندہ سالانہ
دو روپے
آٹھ آنے

جلد ۱۱ نمبر ۱۷ و ۱۸

قادیان دارالامان سے یکم و پندرہ کو شایع ہوتا ہے

یکم و پندرہ ستمبر ۱۹۳۷ء | ۹ - رجب المرجب ۱۳۵۶ ہجری

فہرست مضامین

نظم	صفحہ ۲	سلیم شاہجہانپوری (منشی کامل)
خلافت کی اہمیت	۳/۱۰	سیدہ امۃ الرشید صاحبہ بنت حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ
خلافت کی اطاعت	۱۰/۱۸	محترمہ سلیمہ بیگم بنت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب۔
تعریف کے فائدے	۱۹/۲۰	محترمہ مقبول اختر صاحبہ (ملک) بی اے۔بی ٹی۔
محنت	۲۰/۲۱	" امۃ اللہ بنت مولانا ابو العطاء صاحب۔
امام کی اطاعت	۲۱/۲۲	" امۃ الرشید صاحبہ ملا
دو نظمیں	صفحہ ۲۳	عنایت اللہ صاحب محمود اور انیس فاطمہ صاحبہ انیس۔
اشتہار و اعلان	صفحہ ۲۴	

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اہلِ شعور زیرِ اثر قادیان کے ہیں

اللہ! کیا وسیع اثر قادیان کے ہیں
اے تیری شان، دین کا مرکز بنا دیا
ظاہر ہے اس کی شان کسوف و خسوف سے
اللہ رے عروج کہ حیران ہیں عدو
تانتا لگا ہوا ہے۔ چلی آرہی ہے خلق
جڑ اِن کی ہند میں ہی تو شاخیں ہیں چین میں
ہر حال میں ہے نصرتِ حق جن کے ساتھ ساتھ
سارا جہاں بند کرے بابِ التفات
دُنیا میں جنکی گونج نے ڈالا ہے زلزلہ
پہنچی ہیں تا بہ عرش دُعا ہائے نیم شب

خادم نجوم و شمس و قمر قادیان کے ہیں
چرچے جہاں میں شام و سحر قادیان کے ہیں
یعنی گواہ شمس و قمر قادیان کے ہیں
ذرّے بھی رشکِ لعل و گہر قادیان کے ہیں
دَر پیش اک جہاں کو سفر قادیان کے ہیں
حیرت میں ہے ظفر وہ شجر قادیان کے ہیں
وہ نیک دل وہ نیک نظر قادیان کے ہیں
کچھ غم نہیں کھلے ہوئے در قادیان کے ہیں
وہ کون ہیں؟ وہ شیرِ ببر قادیان کے ہیں
نہ آسماں سے تیر اُدھر قادیان کے ہیں

دِن رات جن پہ بارشِ انوار ہے تسلیمؔ
معلوم یہ ہوا کہ وہ گھر قادیان کے ہیں

تسلیم بھیکہ پوری
منشی سلیم

دارالامان کی خبریں

۱۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طبیعت گذشتہ ہفتہ ناساز رہی۔ اب حضور کو آرام ہے ۔

۲۔ حضرت اُم المومنین کی طبیعت عموماً ناساز رہتی ہے۔ اور کوئی نہ کوئی عارضہ لاحق حال۔ تمام خواتین جماعت اپنی مادرِ مہربان کی صحت و عافیت کے لئے دُعاء فرماتی رہیں ۔

۳۔ نصرت گرلز سکول ستمبر کے آخری ہفتہ کی ابتداء میں کھل رہا ہے۔ اور پڑھائی باقاعدہ شروع ہوگی ۔ ۴۔ جن خریداران مصباح نے تا حال چندہ سال حال ادا نہیں کیا۔ بذریعہ منی آرڈر ادا فرمائیں ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں

ہمارا چاند قرآں ہے ہماری جان قرآں ہے
محمدؐ فخرِ عالم ہے حبیبِ ربِّ رحماں ہے
نہ اُس جیسا ہُوا پیدا نہ آئیندہ کوئی ہوگا
وہ ہر نیکی میں یکتا ہے ہر اک خُوبی میں کامل ہے
وہ بد قسمت ہے جو منکر ہے اُسکی شانِ ارفع کا
وہ خوش قسمت ہے جو ایمان رکھتا ہے محمدؐ پر
محمدؐ مصطفٰے کی ہو سکے تعریف کب ممکن
مثال اُسکی نہیں ملتی نظیر اُسکی نہیں ممکن
کلامِ پاک جو نازل ہُوا اُسپر وہ رحمت ہے
مجسّم خیر و خوبی ہے سراپا نُور د برکت ہے
جسے اس ذات قدسی سے ذرا بھی بغض و کینہ ہی
عنایت کی نظر رکھ اَے خدا محمُود پر ہر دم

ہمارا دین قرآن ہے خدا کی شان قرآں ہے
وہ سب دُنیا کا ہادیؐ ہے ہر اک پر اس کا احساں ہے
وہ سب مخلوق میں خیر البشرؐ ہے کامل انساں ہے
نہ اُس کا کوئی ثانی ہے نہ اُس سا کوئی ذی شاں ہے
سراسر کافر و ملحد ہے اور وہ سخت ناداں ہے
مُبارک ہے مقدس ہے جو اسپر دل سے قرباں ہے
وہ بیشک ایک انساں ہے مگر بے مثل انساں ہے
سراپا نُور ہے وہ برتر از لعلِ بدخشاں ہے
چمن ہے معرفت کا، اور سچّائی کا بُستاں ہے
وہ سب عیبوں سے خالی ہے سراسر پاک داماں ہے
وہ کافر اور ملحد بدتر از فرعون و ہاماں ہے
نہ اسکے پاس دولت ہے نہ اسکے پاس ساماں ہے

(خاکسار عنایت اللہ محمُود قادیان)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اظہارِ حقیقت

جو بیٹا باپ سے آمادۂ پیکار ہوتا ہے
جو دولت کی تمنّا میں پدر کی جان لیتا ہے
پریشانی میں جو والد کی غمخواری نہیں کرتا
نہیں ہی جس کسی کے دِل میں اپنے باپ کی عزّت
دل و جان سے جو اپنے باپ کی خدمت نہیں کرتا
حقیقت میں نہیں جو نُورِ دیدہ اپنے والد کا
جو دانستہ کوئی آزار پُہنچاتا ہے والد کو
ہر اک تدبیر میں ہر اَمر میں ناکام رہتا ہے
وہ آخر زندگی سے ہاتھ دھوتا ہے بصد حسرت

وہ بد فطرت، وہ بد سیرت، وہ بد کردار ہوتا ہے
وہ اپنی زندگی سے آپ ہی بیزار ہوتا ہے
وہ بد قسمت، وہ بد اختر، وہ بد اطوار ہوتا ہے
وہ آخر کار ناکام و ذلیل و خوار ہوتا ہے
وہ غیروں کی غلامی کے لئے تیار ہوتا ہے
یقیناً وہ گرفتارِ سزائے نار ہوتا ہے
تو بیٹا اُس کا اُس کے درپئے آزار ہوتا ہے
وہ اپنی نامُرادی سے بہت لاچار ہوتا ہے
انیسؔ اُس کیلئے جینا بہت دشوار ہوتا ہے

(یٰسین خاں طر انیس از جسنپور)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اِعلان ضروری

اِس سال جلسہ سالانہ کے اخراجات کے لئے تیس ۳۰ ہزار روپیہ فراہم کیا جانا مقصود ہے۔ جس کے لئے شرح چندہ ہر احمدی فرد کی ایک ماہ کی آمد پر پندرہ فیصدی مقرر کی گئی ہے۔ جو ہر ایک کمانے والے احمدی دوست سے وصول کیا جائے۔ یعنی ایک احمدی فرد کو جس کی ماہوار آمد ایک سو ۱۰۰ روپیہ ہو۔ جلسہ سالانہ کا چندہ پندرہ ۱۵ روپیہ دینا چاہیئے۔

تمام لجنات اماء اللہ اور خواتین کی مجالس کو بھی چاہیئے۔ کہ وہ اپنی اپنی جگہ مستورات میں بھی کوشش کر کے اِس چندہ میں حصہ لینے کی تحریک کریں۔ اور سب بہنوں کو علیٰ قدر مراتب اس ثواب میں حصہ دار بنائیں۔ اور جس جگہ لجنات اور مجالس خواتین نہ ہوں وہاں عہدہ داران جماعت مقامی کو ہی عورتوں میں اس چندہ کی تحریک کرنی چاہیئے۔

کیلوں۔ چھائیوں۔ اور بدصورتی کا یقینی عِلاج

لندن سے مِس مارگیری کلارک

فیسرین رجسٹرڈ

کے متعلق تحریر فرماتی ہیں:۔ "جناب من! میں نے فیسرین کے استعمال سے ایسے کیلوں کو دُور کیا ہے۔ جو ویکسن کے علاج سے بھی دُور نہ ہو سکے تھے۔" (ترجمہ انگریزی چٹھی)

دیکھئے اہل مغرب بھی "فیسرین" کی تعریف کرتے ہیں۔

کیونکہ یہ واقعی کیلوں۔ چھائیوں۔ دھبوں۔ بدصورتی۔ پھنسیوں۔ چہرے اور جلد کی تمام بیماریوں کیلئے اکسیر ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ (عہ) محصولڈاک بذمہ خریدار

نوٹ:۔ کیا فیسرین رجسٹرڈ کے سوائے کسی دُوسری کریم کو لندن تک شہرت حاصل کرنے کا فخر حاصل ہوا ہے؟

اہلِ قادیان ڈاکٹر فیض علی احسان علی میڈیکل ہال قادیان اور سُلطان برادرس جنرل مرچنٹ، سے خریدیں۔

عورتوں کی تندرستی کی محافظ

یُوٹرون رجسٹرڈ R. G. d.

طبقہ نسوان کی خاص بیماریوں کا واحد علاج ہے

یہ ایام ماہواری کی خرابیوں کو مثلاً کمی خون حیض۔ زیادتی حیض۔ بندش حیض۔ حیض کا درد یا تکلیف سے آنا۔ سیلان۔ رطوبت۔ ہسٹیریا یا باؤ گولہ۔ دردسر۔ درد کمر۔ درد پیڑو وغیرہ کا شرطیہ علاج ہے۔

یُوٹرون رجسٹرڈ مستورات کے لئے بہترین مقوی ٹانک ہے۔ اور بے اولاد بیبیوں کو با اولاد کرنے میں اکسیر سے کم نہیں۔

خوراک قلیل ذائقہ شیریں۔ قیمت دو روپیہ (عگر)

محصولڈاک بذمہ خریدار۔ وی پی پارسل منگوانے کا پتہ:

فیسرین فارمیسی مُکتسر ضلع فیروزپور (پنجاب)

اللہ بخش سٹیم پریس قادیان میں بھائی عبدالرحمن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے چھاپ کر مالکان کے لئے قادیان سے شائع کیا۔